10اپریل 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے پہلے نومہینوں میں 15 فیصد نمو کے ساتھ 13.3 ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء کے پہلے نومہینوں (جولائی تا مارچ) کے دوران 13,327.47 ملین ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 11,586.06 ملین ڈالر کے مقابلے میں 15 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

مارچ 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1,576.97 ملین ڈالر رہیں جو فروری 2015ء کے مقابلے میں 13.3 فیصد زائد ہیں اور مارچ 2014ء کے مقابلے میں 18 فیصد بلند ہیں۔ بلحاظ ممالک مارچ 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 489.70 ملین ڈالر، 411.24 ملین ڈالر، 199.24 ملین ڈالر، 164.28 ملین ڈالر، 196.07 ملین ڈالر، اور 25.96 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ مارچ 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 425.53 ملین ڈالر، 262 ملین ڈالر، 195.45 ملین ڈالر، 166.46 ملین ڈالر، 164.03 ملین ڈالر، اور 34.93 ملین ڈالر تھیں۔ مارچ 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 90.48 ملین ڈالر رہیں جبکہ مارچ 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 89.49 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆